# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 31 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۱/مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ دفاعی شعبہ نہ صرف معیشت بلکہ ملک کی عزت نفس کیلئے بھی ضروری ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ پنیہ شلوک اہلیا دیوی ہولکر کے 300 ویں یوم پیدائش کے موقع پر آج مختلف تقاریب کا انعقاد۔

☆ پونے کے نیشنل ڈیفنس اکیڈمی کے تقسیمِ اسناد تقریب میں 17 خواتین کیڈیٹس کے پہلے دستے کی پاسنگ آوٹ پریڈ میں شرکت۔

☆ عثمان آباد ریلوے اسٹیشن کا نام تبدیل کر کے دھاراشیو ریلوے اسٹیشن کرنے کا ریلوے محکمے کا فیصلہ۔

☆ ترقی یافتہ زرعی سنکلپ ابھیان کے تحت پربھنی ضلعے میں ماہرین کی جانب سے کسانوں کی رہنمائی۔

اور۔۔۔☆ ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ مقابلوں میں بھارتی اتھلیٹس نے کل جیتے تین گولڈ میڈل۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دفاعی شعبہ نہ صرف معیشت بلکہ ملک کی عزتِ نفس کیلئے بھی ضروری ہے۔ وہ کل اتر پردیش کے کانپور میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرر ہے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں تین اصولوں پر عمل کرے گا۔ انھوں نے کہا:

**Byte: PM Narendra Modi**

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ آپریشن سندور ابھی ختم نہیں ہوا، اور اس آپریشن کے ذریعے دنیا نے ہمارے ملک کی خواتین کے غصے اور درد کو دیکھا ہے، وزیرِ اعظم نے بتایا کہ اس آپریشن میں بھارت نے دیسی اسلحہ جات اور میک ان انڈیا کی طاقت کا مظاہرہ دنیا کے سامنے کیا۔

اس موقعے پر وزیر اعظم نے 47 ہزار 573 کروڑ روپے سے زیادہ کے 15 بڑے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے چُنّی گنج اور نیا گنج کے درمیان کانپور میٹرو کے نئے کوریڈور کو ہری جھنڈی دکھائی۔

اس سے پہلے وزیر اعظم نے بہار کے کاراکٹ میں 48 ہزار 500 کروڑ روپے کے بنیادی ڈھانچے اور فلاحی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد بھی رکھا۔

***** ***** *****

آج' پنیہ شلوک اہلیا بائی ہولکر کا یوم پیدائش منایا جارہا ہے۔ اس سال اہلیا دیوی کے تین سوویں یومِ پیدائش کی مناسبت سے مختلف پروگرام منعقد کیے جارہے ہیں۔ اس سلسلے کی ایک اہم تقریب آج ریاستی حکومت کی جانب سے وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں اہلیا نگر ضلعے کے چونڈی میں اہلیا بائی کے آبائی گاؤں میں منعقد کی جائے گی۔

دریں اثنا، اہلیا بائی ہولکر کے تین سو سالہ یومِ پیدائش کے موقعے پر پونے میں نوجوانوں سے منسوب ایک پروگرام میں، وزیر اعلیٰ پھڑنویس نے ریاستی حکومت کے کام کاج، اہلیا بائی ہولکر کے طرزِ حکمرانی کے مطابق چلانے کی بات کہی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے خواتین کی ترقی اور بہتری کیلئے متعدد اسکیمیں شروع کی ہیں، جو خواتین کو با اختیار اور مستحکم بنانے کیلئے اہم ثابت ہوں گی۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں کل راشٹر پتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں 15 نرسوں کو نیشنل فلورنس نائٹنگیل ایوارڈ 2025 سے نوازا گیا۔ نرسنگ کے شعبے میں نمایاں خدمات کے عوض یہ ایوارڈ دیا جاتا ہے۔ اس موقعے پر جلگاؤں کی نرس سجاتا باگُل کو بھی اس اعزاز سے نوازا گیا۔ سماج کی نچلی سطح تک سرکاری طبّی اسکیموں کے فوائد پہنچانے میں ان کے تعاون کے عوض انہیں اس ایوارڈ سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

پونے کے نیشنل ڈیفنس اکیڈمی (این ڈی اے) کی 148 ویں تقسیمِ اسناد تقریب کل جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوئی۔ اس تاریخی دن پر پہلی بار 17 خواتین کیڈٹس نے تین سال کی سخت تربیت کے بعد پاسنگ آؤٹ پریڈ میں حصہ لیا۔ پریڈ میں شرکت کے بعد خواتین کیڈٹس نے پش اَپس کر کے اپنی کامیابی کا جشن منایا۔ 2021 میں عدالتِ عظمیٰ کے حکم پر خواتین کو این ڈی اے میں شامل کیے جانے کے بعد خواتین کیڈیٹس کا یہ پہلا دستہ ہے۔ میزورم کے گورنر اور سابق فوجی سربراہ جنرل وی کے سنگھ، جنوبی ہیڈ کوارٹر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل دھیرج سیٹھ اور این ڈی اے کے سربراہ وائس ایڈمرل گرو چرن سنگھ سمیت دیگر معزز شخصیات اس تقریب میں شریک تھیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے تمام فیصلوں کو کسانوں کیلئے مفید و مددگار بنانے کیلئے ریاستی حکومت کسانوں کے مشوروں اور تجاویز کو سن کر اس پر عمل درآمد کو ترجیح دے رہی ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں محکمہ زراعت کے زیر اہتمام کاشتکاروں کیلئے منعقدہ مذاکرے سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کسانوں سے متعلق حکومت کے مختلف منصوبوں کے بارے میں جانکاری بھی دی، ساتھ ہی کاشتکاروں کے گروپوں کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کو سن کر انھیں نوٹ کیا۔

***** ***** *****

ریلوے محکمے نے عثمان آباد ریلوے اسٹیشن کا نام تبدیل کر کے دھاراشیو ریلوے اسٹیشن کر دیا ہے۔ ریاستی حکومت کی جانب سے عثمان آباد کا قدیم نام تبدیل کر کے دھاراشیو کیے جانے کے بعد ریلوے محکمے نے ریلوے اسٹیشن کا نام تبدیل کر کے دھاراشیو کیا ہے۔ جس کے بعد انڈین ریلوے کانفرنس ایسوسی ایشن نے اسٹیشن کے نئے نام اور کوڈ کو منظوری بھی دے دی ہے۔ ماضی میں عثمان آباد نام سے منسوب اس اسٹیشن کا کوڈ UMD تھا، جسے اب نئے نام دھاراشیو اسٹیشن کی مناسبت سے DRSV کوڈ میں تبدیل کیا گیا ہے۔ لہٰذا ریلوے کے تمام اندراجات اور مطالبات سمیت دیگر تمام اُمور اس نئے نام سے ہی کیے جائیں گے۔ اس تبدیلی کو مکمل کرنے کیلئے، ممبئی پیسنجر ریزرویشن سسٹم، نامی ریزرویشن نظام آج رات پونے بارہ سے رات ڈیڑھ بجے تک عارضی طور پر بند رکھا جائے گا، مسافروں اور عوام سے اسے نوٹ کرنے کی اپیل وسطی ریلوے انتظامیہ نے ایک صحافتی بیان کے ذریعے کی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی محکمہ زراعت کے پرنسپل سکریٹری وکاس چندر رستوگی کے ہاتھوں کل پربھنی ضلعے کے مانوت تعلقے کے تاڑ بور گاؤں میں ترقی یافتہ زرعی تصور مہم کا ضلعی سطح پر افتتاح عمل میں آیا۔ اس اسکیم کے تصاویری رتھ کو سبز جھنڈی دکھا کر روانہ کیا گیا۔ اس موقع پر زرعی سائنسدانوں نے بیج کی نئی تیار کردہ اقسام کے ساتھ ساتھ دادالاڑ کپاس کی کاشت کی تکنیک سے متعلق جانکاری دی۔

***** ***** *****

آپریشن سندور کے اعزاز میں کل بیڑ شہر میں ریپبلکن پارٹی آٹھولے گروپ کی جانب سے ترنگا ریلی نکالی گئی۔ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے مجسّمے سے نکالی گئی اس ترنگا ریلی میں آر پی آئی کے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ قومی ترانے پر ریلی کا اختتام عمل میں آیا۔

***** ***** *****

ایشین ایتھلیٹکس چمپئن شپ مقابلوں میں بھارتی ایتھلیٹس نے کل تین طلائی تمغے اپنے نام کیے۔ مردوں کی پانچ ہزار میٹر دوڑ میں گل ویر نے طلائی تمغہ جیتا، جبکہ خواتین کی اونچی چھلانگ کے مقابلے میں پوجا نے طلائی تمغہ حاصل کیا، اسی طرح نندنی آگا سرا' نے خواتین کے ہیپٹا تھلون میں طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ پارُول چودھری نے خواتین کی تین ہزار میٹر اسٹیپل چیس میں نقرئی تمغہ جیتا۔ ان مقابلوں میں بھارت فی الحال کل 18 تمغوں کے ساتھ میڈل ٹیبل میں دوسرے مقام پر ہے جس میں آٹھ طلائی، سات نقرئی اور تین کانسے کے تمغے شامل ہیں۔

***** ***** *****

تلجا پور کے رکن اسمبلی اور مترا کے نائب صدر رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے دھاراشیو ضلعے کی مجموعی اور پائیدار ترقی کیلئے، افسران وعہدیداران کو باقاعدہ کام تک ہی محدود نہ رہتے ہوئے مثبت نقطہ نظر سے اختراعی تصورات کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دی ہے۔ کل اس سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں کے بارے میں معلومات دی۔ ضلعے کے مختلف محکموں کے افسران اس اجلاس میں شریک تھے۔

***** ***** *****

عالمی انسدادِ تمباکو نوشی دن آج منایا جارہا ہے۔ اس مناسبت سے تمباکو کے استعمال سے ہونے والی خطرناک بیماریوں سے متعلق عوام میں بیداری پیدا کی جارہی ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع تمباکو کنٹرول کمیٹی کی جانب سے آج شہر میں ایک بائیک ریلی کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ تمباکو نوشی کے مضر اثرات پر کل لاتور ضلع کلکٹر دفتر میں ایک عوامی بیداری ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں گزشتہ آٹھ دنوں سے جاری بارش کے سبب ضلعے کے چھوٹے اور درمیانی آبی منصوبوں میں پانی کا ذخیرہ بڑھ رہا ہے۔ بیڑ شہر کے قریب بندوسرا آبی پشتہ پوری طرح بھر گیا ہے اور اسکی درمیانی باندھ سے پانی بہنے کے امکان کے پیشِ نظر ضلع کلکٹر ویویک جانسن نے بندوسرا ندی کے کناروں پر آباد ساکنان سے محتاط رہنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دفاعی شعبہ نہ صرف معیشت بلکہ ملک کی عزت نفس کیلئے بھی ضروری ہے۔وزیراعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ پنیہ شلوک اہلیا دیوی ہولکر کے 300 ویں یوم پیدائش کے موقع پر آج مختلف تقاریب کا انعقاد۔

☆ پونے کے نیشنل ڈیفنس اکیڈمی کے تقسیمِ اسناد تقریب میں 17 خواتین کیڈیٹس کے پہلے دستے کی پاسنگ آوٹ پریڈ میں شرکت۔

☆ عثمان آباد ریلوے اسٹیشن کا نام تبدیل کر کے دھاراشیو ریلوے اسٹیشن کرنے کا ریلوے محکمے کا فیصلہ۔

☆ ترقی یافتہ زرعی سنکلپ ابھیان کے تحت پربھنی ضلعے میں ماہرین کی جانب سے کسانوں کی رہنمائی۔

اور۔۔۔☆ ایشین اتھلیٹکس چیمپئن شپ مقابلوں میں بھارتی اتھلیٹس نے کل جیتے تین گولڈ میڈل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****